صدارت ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ آئین میں طے شدہ مسئلے کو چھیڑ کر جو سازش کی گئی تھی وہ اللہ کے فضل و کرم اور تحریک ختم نبوت کے قائدین کی بصیرت، جدو جہد اور جرأت نے ناکام و نامراد کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ناموس رسالت ﷺ کے تحفظ کے لئے بغیر کسی مصلحت کے کمزور سے کمزور مسلمان بھی سروں پر کفن باندھ کر اور سینہ تان کر اٹھ کھڑا ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ تحریک ختم نبوت کا مورال برقرار رکھا جائے گا اور ارتداد کی شرعی سزا کے نفاذ، سول و فوج کے تمام کالیدی عہدوں سے قادیانیوں کی علیحدگی اور پالیسی ساز اداروں سے قادیانی اثر و نفوذ کے خاتمے تک ہماری پُر امن جدو جہد جاری رہے گی۔ قاری محمد قاسم، مولانا منظور احمد، محمد معاویہ رضوان، حافظ حبیب اللہ چیمہ، قاضی بشیر احمد اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا تقریب میں ایک قرارداد کے ذریعے مطالبہ کیا گیا کہ جنرل مشرف کے پرنسپل سیکرٹری طارق عزیز سمیت تمام قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے الگ کیا جائے اور اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کی عملی جامہ پہنایا جائے۔

مسافرانِ آخرت

☆ جامعہ خیر المدارس، ملتان کے مہتمم مولانا قاری محمد حنیف جالندھری کے سسر حضرت مولانا سعید الرحمٰن انوری گزشتہ ماہ فیصل آباد میں انتقال کر گئے۔

☆ اوکاڑہ میں ہمارے مہربان محترم محمد خالد کے بھتیجے اور محمد نعیم صاحب کے جواں سال چھوٹے بیٹے علی وقاص انتقال کر گئے۔

☆ فیصل آباد میں ہمارے رفیق محترم محمد منیر صاحب کے بھائی حاجی محمد ثناء اللہ صاحب ۱۲ رمئی کو انتقال کر گئے۔

☆ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے سابق صدر چودھری علی محمد مرحوم کی بیوہ ۱۴ رمئی کو انتقال کر گئیں۔

☆ مجلس احرار اسلام جھنگ کے مخلص کارکن میاں عبدالغفار نکیانہ سیال کی خوش دامن صاحبہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

☆ مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم، ملتان کے استاذ مولانا حبیب الرحمٰن کے نانا محترم حاجی عبدالغنی صاحب ۱۹ رمئی بروز اتوار انتقال کر گئے۔ مرحوم امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معتقدین میں سے تھے۔

☆ علامہ شبیر احمد انور (جامعہ محمودیہ، لیاقت پور) کے بھتیجے محمد بلال ۲۳ راپریل کو انتقال کر گئے۔

☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محمد یوسف باوا کی ہمشیرہ اور عزیزان احمد علی، حافظ محمد علی کی والدہ ۲۲ رمئی کو لاہور میں انتقال کر گئیں۔ وہ گزشتہ چھ برس سے بستر علالت پر تھیں۔

ادارہ ''نقیب ختم نبوت'' کے تمام ارکان مرحومین کی مغفرت کیلئے دعاء کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ ایصال ثواب اور دعاء مغفرت فرمائیں۔ (ادارہ)

عمارتی و صنعتی سامان، ہارڈویئر
پینٹس، ٹولز، بلڈنگ میٹریل

عمر فاروق ہارڈ ویئر اینڈ مل سٹور

گورنمنٹ سے منظور شدہ
کنڈے، باٹ و پیمانہ جات

صدر بازار۔ ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462483